اللہ کے یہاں، اللہ کی شان کے سامنے، اللہ کے روبرو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر عزت والے سے زیادہ عزت والے ہیں، بلکہ ہر عزت والے کو عزت ملنے کا سبب ووسیلہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء واولیاء وملائکہ کونشانہ بنا کر عنداللہ چمار (ذلیل ترین) سے بھی زیادہ ذلیل کہنے والے دراصل اُسی پرانی آواز کی صدائے بازگشت ہیں جس کا ذکر قرآن میں ہے کہ :یَقُولُونَ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ۔(المنافقون:۸) کہتے ہیں کہ مدینہ جا کر "اعز" (معزز ترین لوگ) نکال دیں گے "اذل" (ذلیل ترین لوگوں) کو۔نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے لئے منافقوں نے ذلیل کی SUPERLATIVE FORM (تفضیلِ کل) کی صورت استعمال کی اور تقویۃ الایمان کا مصنف اور ہم نوا بھی چمار (ذلیل ترین) سے بھی ذلیل کے لفظ بول رہے ہیں۔اللہ ایسے گستاخ لوگوں کو دنیا وآخرت میں چمار سے بھی ذلیل کرے۔آمین۔اپنے اپنے ایمان اور ذوق کی بات ہے ،امام احمد رضا نے فرمایا ہے :

؎ زہے عزت و اعتلائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہ ہے عرشِ حق زیرِ پائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

؎ عرشِ حق ہے مسندِ رفعت رسول اللہ کی دیکھنی ہے حشر میں عزت رسول اللہ کی

؎ وہ حسن مجتبیٰ سید الاسخیاء راکبِ دوشِ عزت پہ لاکھوں سلام

بیاناتِ جمیل
تقاریر کا حسین مجموعہ
مرتب
اول
مکتبہ رحمانیہ

عتاب میں محبت:

آپ ﷺ نے منافقین کو اجازت دے دی تبوک کی لڑائی میں۔ اللہ تعالی کو پسند نہیں آیا تو اللہ تعالی نے پوچھا: کیوں اجازت دی؟ یہ پوچھا کیوں اجازت دی۔ لیکن آپ ﷺ کا اللہ کے ہاں مقام کیا ہے؟ اس میں تھوڑا سا عتاب تھا۔ کیوں اجازت دی؟ لیکن اس خوبصورت طریقے سے اللہ تعالی نے خطاب فرمایا کہ پہلے معافی کا اعلان فرما دیا:

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ

"اللہ نے آپ (ﷺ) کو معاف کر دیا۔ پر یہ بتاؤ ان کو اجازت کیوں

دی تھی؟''

سبحان اللہ! کیا عجیب ہے۔ اللہ اکبر! جرم آپ کا۔ آپ معاف ہیں۔ اللہ نے آپ (ﷺ) کو معاف کردیا۔ پر یہ بتاؤ کہ انہیں اجازت کیوں دی؟ لِمَ اَذِنتَ لَھُم اگر کسی بات پہ اللہ نے عتاب بھی کیا تو اس محبت کے ساتھ کیا کہ پہلے اعلان ہو رہا ہے کہ ہم نے آپ (ﷺ) کو معاف کیا۔

دیگر انبیاء (علیہم السلام) پر آپ (ﷺ) کی برتری:

ابراہیمؑ اللہ تعالیٰ سے دُعا کر رہے ہیں:

لَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ۔

''یا اللہ! مجھے ذلیل نہ کرنا' قیامت کے دن۔''

چند آیات مبارکہ موازنہ کے لئے پیشِ خدمت ہیں

آیت نمبر 1

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ۝ لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ.

(سورۃ الفتح آیت: ۱، ۲)

ترجمہ...... اشرف علی تھانوی دیوبندی:

"بے شک ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرمادے۔"

ترجمہ...... محمود الحسن دیوبندی

"ہم نے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ تا کہ معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہو چکے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے۔"

ترجمہ...... وحید الزمان اہل حدیث

"(اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صلح کیا ہے) ہم نے تجھ کو کھلم کھلا فتح دی فتح اس لئے (کہ تو اللہ کا شکر کرے اور) اللہ تیرے اگلے اور پچھلے گناہ بخش دے"

ترجمہ...... ڈپٹی نذیر احمد دیوبندی، وہابی

"اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صلح کیا ہوئی درحقیقت ہم نے تمہاری کھلم کھلا فتح کرادی تا کہ تم اس فتح کے شکریہ میں دین حق کی ترقی کے لئے اور زیادہ

کوشش کرو اور خدا اس کے صلہ میں تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کروے۔" (معاذ اللہ)

ترجمہ...... اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرمادی تاکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے۔"

مسلمانو! غور فرمایئے! دیوبندیوں اور نجدی وہابی مولویوں کے تراجم سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے بھی گناہ گار تھے اور آئندہ بھی گناہوں کی امید تھی جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو ایک سند دینا پڑی کہ ہم نے آپ کے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کردیئے۔ (معاذ اللہ)

جبکہ اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں انہیں گناہ گار سمجھنا بے ایمانی اور کفر ہے۔

جیسا کہ شرح فقہ اکبر مطبوعہ مصر صفحہ ۱۵۱ میں ہے:

"تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام صغیرہ اور کبیرہ گناہوں سے، کفر اور بری باتوں سے پاک ہیں۔"

خزانۃ الروایات قلمی نسخہ صفحہ ۴۴۳ پر ہے:

"جس کسی نے صفت یا شان میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عیب لگایا یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس بال شریف کی بھی بے ادبی یا توہین کی وہ

nafseislam WWW.NAFSEISLAM.COM نفس اسلام

کافر ہو گیا۔"

اسی خزانۃ الروایات میں ہے:

"اگر کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم درویش تھے یا کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے میلے تھے یا کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناخن بڑھے ہوئے تھے تو مطلقاً کافر ہو گیا۔ جو شخص یہ کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کپڑا میلا ہے اور اس سے عیب مقصود ہو تو بطور کفر قتل کر دیا جائے۔"

اے مسلمانو! یاد رکھو کہ مشکوٰۃ باب الوسوسہ میں ہے کہ:

"حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تو شیطان چھو بھی نہیں سکا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرین یعنی ساتھ رہنے والا شیطان تو مسلمان ہی ہو گیا اس لئے یہ حضرات شیطانی وسوسہ سے بھی محفوظ ہیں اور نفسِ امارہ سے بھی پاک ہیں"۔

بلکہ یہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنے جن غلاموں پر نگاہِ کرم فرما دیں وہ بھی شیطان سے محفوظ رہتے ہیں اور شیطان اُن سے ڈر کر بھاگتا ہے۔

جیسا کہ مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ:

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جس راستہ سے گزرتے شیطان وہاں سے بھاگ جاتا۔

یہ شان ہے خدمت گاروں کی
سردار کا عالم کیا ہو گا

اس لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گناہ گار کہنا بے ایمانی اور کفر ہے جبکہ سورہ

WWW.NAFSEISLAM.COM

فتح کی اس آیت مبارکہ میں ''لک'' میں ''ل'' سبب کے معنی میں آیا ہے اس لئے امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ قرآن ''کنزالایمان'' ہی بہترین ترجمہ ہے۔

دیوبندی وہابی مولویوں کے ترجمہ کی یہی غلطی انگریزی ترجموں میں منتقل ہوتی گئی ہے جیسا کہ قرآن مجید کے ایک انگریز مترجم (اے ۔جے آربری)A.J.Arberry نے اپنے ترجمہ میں اس آیت کا ترجمہ اس طرح سے کیا ہے۔

"Surely We have give thee (you) a manifest victory that God may forgive thee (you)tah former and the Latters sins."

ایک اور انگریز مترجم MARMANDUKE PITCHAL کا ترجمہ بھی دیکھئے:

(1) LO!We have given thee (O. Muhmmad) a signal victory.

(2) That Allah may for give thee of taht sin,that which is Pastand that which is to come.

WWW.NAFSEISLAM.COM

غور کیجئے!......آہ!

انگریزی تراجم کو دیکھ کر دل دہل کر رہ گیا ہے۔ آنکھیں اگر خون کے آنسو روئیں

تب بھی کم ہے کہ انگریزی تراجم سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ (نعوذ باللہ) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم گناہ گار تھے، اور مزید گناہوں کی امید تھی۔ (معاذ اللہ)

غور کیجئے......آہ!

ابنِ عبدالوہاب نجدی کے پیروکار یعنی نجدی وہابی، اہلحدیث، علمائے دیوبند اور رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والوں کی بدعقیدگی اور گستاخیوں نے نئے نئے انگریز محققین اور دوسرے غیر مسلموں کو اللہ تبارک وتعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں زبان درازی اور گستاخیوں کا موقع دے دیا ہے۔ آگے مزید ملاحظہ فرمائیں اور دیوبندیوں، وہابیوں کی گستاخیوں کو دیکھ کر محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں آنسو بہائیں۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اسے سنت کے مطابق قرار دینا غضب الٰہی اور عذاب خداوندی کا موجب ہے اور اس سے توبہ کرنا فرض ہے۔

(رسالہ امداد بابت ماہ صفر ۱۳۳۶ھ ص: ۳۵ از اشرف علی تھانوی)

دیوبندی مولوی نے خواب میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پل صراط پر سے گرنے سے بچالیا

۶......رشید احمد گنگوہی کے شاگرد رشید حسین علی دیوبندی "بلغۃ الحیران مبشرات" میں لکھتے ہیں:

"کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پل صراط پر لے گئے اور کچھ آگے جا کر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گر رہے ہیں تو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو روکا اور گرنے سے بچالیا۔ (معاذ اللہ)

(بلغۃ الحیران مبشرات ص: ۸. دلائل السلوک ص:۱۹۶)

كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِن لَّدُنْ حَكِيمٍ خَبِيرٍ

الحمد للہ کہ دریں ایام سعادت فرجام کتاب مستطاب مجموعہ لاجواب
تفسیر کلام مجید و شرح قرآن حکیم بطرز جدید و وجہ لطیف و انیق المسمیٰ

بُلغة الحیران فی ربط آیات الفرقان

از زبدۃ المفسرین، عمدۃ المحدثین، رئیس الفقہاء، الصوفی الصافی، مولانا حسین علی عفی عنہ الحنفی المجددی
تلمیذ ارشد مولانا رشید احمد القطب الگنگوہی قدس سرہ و مولانا محمد مظہر نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ
بانی مظاہر العلوم سہارن پور

(مولوی حسین علی صاحب پلیڈر نے حمایت اسلام پریس لاہور میں باہتمام شیخ حسن الدین پرنٹر چھپوا کر دان بھچراں ضلع میانوالی سے شائع کیا)

تعداد ۱۵۰۰

اب، فقد سید اجازہ الشاہ ابوسعید اجازہ الشاہ عبد العزیز اجازہ الشاہ ولی اللہ الدہلوی قال ولی اللہ الدہلوی قرأت القرآن کلہ علی محمد فاضل السندی قال تلوتہ علی الشیخ القراء عبد الخالق قال قرأت علی الشیخ البقری والبقری تلا علی الشیخ عبد الرحمن الیمنی قرء علی والدہ الشیخ شحاذہ الیمنی قرء علی الشیخ ابی نصر الطبلاوی قرء علی الشیخ الاسلام ذکریا تلاوتہ علی برہان القلقع ورضوان ابی نعیم العقبی قرء علی سنبا علی محمد بن علی بن محمد بن علی بن یوسف الجزری صاحب کتاب النشر قال الجزری قرأت القرآن علی ابی العباس احمد بن الحسین قال قرأتہ علی والدی قرأ علی ابی محمد القاسم قال قرأت علی احمد بن علی ومحمد بن سعید ومحمد بن ایوب قال کلہم قرأت علی علی بن خلف البطلی قرء علی سلیمان بن نجاح قال قرأت علی مؤلف التیسیر ابی عبد اللہ الدانی قرء علی طاہر بن غلبون قرأ علی علی بن محمد المقری قرء علی احمد بن سہل قرء علی عبید بن الصباح قرء علی حفص قرء علی عاصم واخذ عاصم القرآن عن عبید بن حبیب وعن زر بن حبیش اما عبید بن حبیب فعن عثمان بن عفان وعلی ابن ابی طالب وابی بن کعب وزید بن ثابت وابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واخذ زر عن عثمان بن عفان وابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ و سادواتنا معہم اجمعین۔

مبشرات

رأیت سیدی محمد عثمان اعطانی تفسیر القرآن صغیر الحجم نقلت اہو تفسیر جمیع القرآن قال نعم ورأیت انی اعطیت التفسیر من الرب تعالی ورأیت انہ علیہ الصلوۃ والسلام اخذنی فی حجرہ وادخل لسانہ المبارک فی فمی والقی لعابہ فی فمی ورأیت ان علیاً رضی اللہ تعالی عنہ یامرنی بتصنیف تفسیر القرآن ورأیت ان اللہ ...... تبارک وتعالی یقول لی غفرت لک ولمن اتبعک رأیت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عانقنی وذہب بی فی معانقتہ علی الصراط الی جل منہ رأیت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتب لی ...... ختم علیہ بیدہ المبارک وکان معہ اکثر الاکابر دعوت عند بیت اللہ الحرام ثم جئت عند رسول اللہ علیہ وسلم فقلت الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ فعانقنی صلی اللہ علیہ وسلم واعطانی اللطائف واللہ اکبر ورأیت انہ یسقط فامسکتہ وامنعتہ عن السقوط فعبرت فی ذلک الوقت ان المراد اقامتہ دینہ ...... وامحو الشرک قیل لی من یخالفک فی التوحید ہم دجالون کذابون وقعدت عند مزار الامام الربانی فقال لی فی المکاشفۃ بیان مسئلۃ التوحید اعلی درجۃ من السلوک ورأیت الانبیاء کلہم من آدم الی نبینا صلی اللہ علیہم والسلام کلہم ینادون باعلی نداء ان من دعا غیر اللہ تعالی معتقداً انہ علیم وسمیع فہو کافر۔

تصحیح

کار تصحیح مقابلہ [illegible] حرفاً حرفاً [illegible] بحضور [illegible] حضرت العلامہ مولانا مولوی نور احمد [illegible] مولانا مولوی جناب حافظ محمد صادق صاحب فاضل دیوبند خطیب جامع پٹھیاں لاہور۔

اہتمام بخت ہو اللہ المستعان

گستاخِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

بریلویوں کی گستاخانہ عبارتوں کے خلاف خاموش احتجاج

مرتبہ: حافظ محمد اقبال

شائع کردہ
اسلامک اکیڈمی
۱۹۔ چارٹن ٹیریس آف اپر بروک سٹریٹ۔ مانچسٹر

ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاٰخرۃ ولہم عذاب الیم

بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو

ایذا پہنچاتے ہیں، ان پر دنیا و آخرت میں خدا کی لعنت (پ۲۲)

گستاخِ رسول ﷺ کون؟

علمائے دیوبند کے لئے ایک لمحہ فکریہ

خاکپائے سرکار اجمیر شریف

حافظ محمد اقبال چشتی صابری

انجمن خدام الحرمین ــــ مانچسٹر، یو، کے

41-UPPER LLOYED STREET MANCHESTER-14

گستاخ رسول کون ہے؟

الحمد للہ العلی الکبیر المتعال والصلوٰۃ والسلام علی النبی الخاتم
صاحب خیر المقال و علی الآل ارباب الکمال والاصحاب ذوی المجد والنال

امابعد :

اہلِ اسلام کا عقیدہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں مقتدا اور رہبر بن کر تشریف لائے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا۔ میں کُل اولادِ آدم کا سردار ہوں، آپ کسی کے تابع اور مقتدی نہیں تھے، مگر مولانا احمد رضا خاں صاحب کا عقیدہ تھا کہ حضور میرے مقتدی تھے۔

حضورؐ میرے مقتدی تھے اور میں انکا امام (مولانا احمد رضا)

مولانا احمد رضا خاں صاحب فرماتے ہیں :

جب ان کا انتقال ہوا اور میں دفن کے وقت ان کی قبر میں اُترا۔ مجھے بلا مبالغہ وہ خوشبو محسوس ہوئی جو پہلی بار روضہ انور کے قریب پائی تھی۔ ان کے انتقال کے دن مولوی سید امیر احمد صاحب مرحوم خواب میں زیارت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے کہ گھوڑے پر تشریف لیے جاتے ہیں۔ عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں تشریف لے جاتے ہیں

تقویۃ الایمان

معہ مختصر سوانح حیات
حضرت مولانا سید
احمد شہید و مولانا
شاہ اسماعیل شہید

حارق الاشرار

فاروقی کتب خانہ محلہ قدیر آباد ملتان

ہدیہ مجلد دو روپے بلا جلد ایک روپیہ آٹھ آنے

اخلاق پرنٹنگ پریس ملتان

تے بتلائی ہو اور شرع میں جائز ہو۔ مثلاً قبروں پر مجاور بننا شرع میں نہیں بتایا۔ سو ہرگز نہ بنے۔ اور کسی کی قبر پر کوئی شیر دن رات بیٹھا رہتا ہو تو اس کی سند نہ پکڑے کہ آدمی کو جانور کی ریس نہ کرنی چاہیے۔

أَخْرَجَ أَبُوْدَاوُدَ عَنْ قَيْسِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ أَتَيْتُ الْحِيْرَةَ فَرَأَيْتُهُمْ يَسْجُدُوْنَ لِمَرْزُبَانٍ لَهُمْ فَقُلْتُ لَرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْتَ أَحَقُّ أَنْ يُسْجَدَ لَكَ فَقَالَ لِي أَرَأَيْتَ لَوْ مَرَرْتَ بِقَبْرِي أَكُنْتَ تَسْجُدُ لَهُ فَقُلْتُ لَا فَقَالَ لَا تَفْعَلُوْا۔

مشکوٰۃ کے باب عشرۃ النساء میں لکھا ہے کہ ابوداؤد نے ذکر کیا کہ قیس بن سعد نے نقل کیا کہ گیا میں ایک شہر میں کہ جسکا نام حیرہ ہے سو دیکھا میں نے وہاں کے لوگوں کو کہ سجدہ کرتے تھے اپنے راجہ کو سو کہا میں نے البتہ پیغمبر خدا زیادہ لائق ہیں کہ سجدہ کیجئے ان کو پھر فرمایا مجھ کو "بھلا خیال تو کر جو گزرے میری قبر پر کیا سجدہ کرے تو اسکو" کہا میں نے نہیں۔ تو فرمایا مت کرو۔

یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔ تو کب سجدہ کے لائق ہوں۔ سجدہ تو اسی پاک ذات کو ہے کہ نہ مرے کبھی:۔

اس حدیث سے معلوم ہوا۔ کہ سجدہ نہ کسی زندہ کو کیجئے نہ کسی

واپس تشریف لے گئے۔ صبح کو بیدار بخت کے والد کو شبہ ہوا کہ کہیں خواب تو نہ تھا مگر چٹائی پر دیکھا تو خون کے قطرے موجود تھے۔ یہ وہ قطرے تھے جو بیدار بخت کے چہرے سے گرتے ہوئے ان کے والد نے دیکھے تھے۔ ان قطروں کے دیکھنے سے وہ سمجھے کہ یہ بیداری کا واقعہ ہے۔ اس قصہ کی خبر مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی کے والد ماجد مولانا مملوک علی صاحب نے سنی تو وہ اس قصہ کی تحقیق کے لئے نانوتہ سے دیوبند تشریف لائے اور بیدار بخت کے والد صاحب سے اس قصہ کو سنا۔ مولانا محمد یعقوب صاحب کے والد نے مولانا محمد یعقوب سے کہا اور مولانا محمد یعقوب صاحب نے مجھ سے یہ واقعہ بیان کیا اور بیدار بخت کے والد بھی بزرگ اور تہجد گذار تھے۔ اس حکایت کے سب راوی عالم اور بزرگ ہیں بجز میرے۔

ملفوظ ۴۷۳: فرمایا بے پروائی کو لوگ دین کے خلاف نہیں سمجھتے حالانکہ بے پروائی جڑ ہے مفاسد کی۔

ملفوظ ۴۷۴: فرمایا عورتوں سے کبھی مناظرہ نہ کرے جو ان سے مناظرہ کرے گا ان کی کج فہمی کی وجہ سے اس کو ضرور غصہ آوے گا۔

ملفوظ ۴۷۵: فرمایا مولانا محمد یعقوب صاحب نے بڑی پاکیزہ بات فرمائی کہ انبیاء علیہم السلام مثل حکماء کے ہیں اور انبیاء علیہم السلام نے جو اعمال کی خاصیتیں بیان کی ہیں یہ ایسی ہیں کہ جیسے اطباء نے ادویہ کے خواص بیان کئے ہیں کہ مثلاً گل بنفشہ میں یہ خاصیت ہے اور فلاں دوا کا یہ اثر ہے سو ظاہر ہے کہ اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ اگر اس کے ساتھ کوئی مضاد چیز بھی استعمال کیا جاوے تب بھی وہی اثر ظاہر ہوگا بلکہ اس خاصیت کا ظہور مقید ہوتا ہے بعض شروط کے ساتھ۔ اگر وہ شروط پائی جاتی ہیں تو وہ خاصیت ظاہر ہوتی ہے ورنہ نہیں۔ اسی طرح سے انبیاء علیہم السلام نے جو اعمال کی خاصیتیں بیان فرمائی ہیں جیسے ارشاد فرمایا کہ من قال لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ۔ تو ہر مقام پر گو ان خواص کے ظاہر ہونے کو کسی شرط کے ساتھ مقید نہ فرمایا مگر کلیات سے

اس نہی کی اس تعلیل سے واضح ہے انہ یفعل مایشاء ولا مکرہ لہ فان اللہ تعالیٰ لا یتعاظمہ شئ اعطاہ ورنہ مطلق تشقیق دوسری احادیث میں صراحۃً وارد ہے۔ چنانچہ ایک دعاء میں ہے احینی ما علمت الحیاۃ خیرالی وتوفنی اذا علمت الوفاۃ خیرالی رواہ النسائی اور دوسری دعاء میں ہے واذا اردت بقوم فتنۃ فتوفنی غیر مفتون رواہ الترمذی۔ ظاہر ہے یہ تقییدات تشقیق کو مستلزم ہیں بس دعاء استخارہ میں تشقیق کا شبہ بے اصل ہو گیا کیونکہ یہاں منشا تشقیق کا وہ نہیں جو علت ہے نہی کی۔ تو اب تائید ثانی قول منقول من الطبقات کی حاجت نہیں رہی۔ دوسرے مؤیدات کافی ہیں۔

استدراک ضروری:۔ اس کی ایک خاص تحقیق۔ النور صفر ۱۳۶۰ھ میں تحت عنوان ترجیح الراجح فصل سی و پنجم شائع ہوئی ہے اسکو بھی ملاحظہ فرما لیا جاوے۔

ملفوظ ۱۴۵: مولانا اسمٰعیل صاحب شہیدؒ کے قافلہ میں ایک شخص شہید ہو گئے تھے جن کا نام بیدار بخت تھا وہ دیوبند کے رہنے والے تھے۔ ان کی شہادت کی خبر آچکی تھی۔ اُن بیدار بخت کے والد حسب معمول دیوبند میں اپنے گھر میں ایک رات کو تہجد کی نماز کے لئے اُٹھے تو گھر کے باہر گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز آئی اور پھر ایک شخص نے دروازہ کھلوایا۔ دروازہ کھولا دیکھا تو ان کے لڑکے بیدار بخت ہیں۔ یہ دیکھ کر حیران ہوئے کہ اُن کے متعلق تو معلوم ہو چکا تھا کہ شہید ہو چکے ہیں یہ کیسے آگئے۔ بیدار بخت نے کہا کہ جلدی کوئی فرش وغیرہ بچھائیے۔ مولانا اسمٰعیل صاحب اور سید صاحب یہاں تشریف لا رہے ہیں۔ اُن کے والد نے فوراً ایک بڑی چٹائی جو نئی خریدی تھی بچھا دی۔ ایک مجمع اس فرش پر آ بیٹھا۔ بیدار بخت سے اُن کے والد نے کہا۔ تمہارے کہاں تلوار لگی تھی انہوں نے اپنا ڈھاٹا کھولا اور اپنا نصف چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں میں لے کر اپنے باپ کو دکھلایا کہ یہاں تلوار لگی تھی۔ اُن کے باپ نے کہا کہ باندھ لو مجھ سے دیکھا نہیں جاتا۔ تھوڑی دیر بعد یہ سب حضرات

دیوبندی گستاخ رسول ہیں

دیوبندیوں کے امام مولوی اسماعیل دہلوی نے حضور نبی کریم ﷺ پر جھوٹ گھڑا اور حدیث کا مفہوم گھڑ کر حضور ﷺ کی طرف منسوب کردیا کہ "یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں" (تقویۃ الایمان)

دیوبندی ثابت کریں کہ حدیث میں کون سے الفاظ ہیں جن کا معنی یہ بنتا ہے کہ

"یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں"

اگر یہ الفاظ حدیث میں نہیں ہیں تو اپنے عقیدہ پر غور کریں۔

دوسری طرف ان ہی مولوی اسماعیل دہلوی کے بارے میں لکھتے ہیں کہ وہ مرنے کے بعد دیوبند میں اپنے جسم کے ساتھ آئے۔ (افاضات الیومیہ)

قسط نمبر ۲۹

قال اللہ تعالیٰ قولوا للناس حسنا الآیہ

چوں نص مزبور مخبر است از مطلوبیت کلمات حسنہ

تکلماً بالمطابقۃ و استماعاً و اشاعۃ بالالتزام و کراسۂ

الافاضات الیومیہ

من

الافادات القومیہ

حصہ دہم کا ملحق

کہ حصہ ایست از ملفوظات سراج الملۃ حکیم الامۃ مولانا محمد اشرف علی

صاحب قدس اللہ سرہ مصداقی بود از ہمچنیں کلمات حسنہ بناءً علیہ

احقر ظہور الحسن ناظم مکتبہ تالیفات اشرفیہ تھانہ بھون ضلع مظفر نگر

اشاعت کرد

(کتبہ منشی عبدالعزیز خوشنویس خورجی)

قسط نمبر ۲۵

قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ قُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا الآیۃ

چوں نص مزبور مخبر است از مطلوبیت کلمات حسنہ تکلماً بالطابقۃ و استماعاً و اشاعۃً بالالتزام و کر اسئہ

اَلْاِفَاضَاتُ الْیَوْمِیَہ

مِنَ

اَلْاِفَادَاتِ الْقَوْمِیَہ

حصہ ہشتم جزو اوّل

کہ حصہ الیست از ملفوظات سراج الملۃ و حکیم الامۃ مولانا مولوی محمد اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ مصداق بود از چنیں کلمات حسنہ بناءً علیہ

مقبول حسن ناظم مکتبہ تالیفات اشرفیہ تھانہ بھون اشاعت کرد

ہے۔ زیادہ قیل وقال سے طبیعت مُردہ ہو جاتی ہے۔ درمیان میں دیواریں کھڑی ہو جاتی ہیں اور یہ خاموش رہنے کی قید اس وقت تک ہے جب تک کہ طریق سے اور مصلح سے مناسبت نہ پیدا ہو۔ اور مناسبت کے بعد تو بولنا زیادہ نافع ہے۔ چنانچہ جن سے بے تکلفی اور مناسبت ہے وہ بولتے ہیں۔ وہ مجھے جانتے ہیں میں انکو جانتا ہوں۔ اگر بولنے کو اور مسائل پوچھنے کو جی چاہتا ہے تو ایسی مناسبت پیدا کرو۔ اور بے تکلف بناؤ۔

۱۸۲ ملفوظ: ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر کوئی جناب رسول اللہ صلے اللہ وسلم کو خواب میں دیکھے تو وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہونگے۔ شیطان تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی شکل میں آ نہیں سکتا۔ فرمایا کہ واقعی شیطان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شکل میں نہیں آسکتا اور نہ کسی اور نبی کی شکل میں شیطان متشکل ہو سکتا ہے۔ عرض کیا اگر صحابہ میں سے کسیکو خواب میں دیکھے مثلاً سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو یا حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو۔ ان حضرات کی صورت میں شیطان آسکتا ہے۔ فرمایا مشہور قول پر سوائے انبیاء علیہم السلام کے سب کی شکل میں آسکتا ہے۔

۱۸۳ ملفوظ: ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل فہم کی بڑی ہی قلت ہے۔ ایک صاحب کی حماقت ملاحظہ ہو۔ آخر کہاں تک تاویلات کروں کوئی حد بھی ہے۔ مجھکو بدنام کیا جاتا ہے کہ بدخلق ہے۔ ان خوش اخلاقوں کی حرکات کو کوئی نہیں دیکھتا۔ ظالم کے تو ہر قول و فعل کی تاویل کی جاتی ہے اور مظلوم کے کسی قول فعل کی تاویل نہیں ہوتی۔ ان صاحب نے ختم کے متعلق مجھ سے بنوعیۃ معمول پوچھا تھا۔ میں نے لکھ دیا کہ ایک آنہ روزانہ جو دعا ہوتی ہے یہ معمول ہے۔ اس میں یہ نفع ہے کہ جو مساکین اللہ اللہ کرنے والے یہاں پر رہتے ہیں انکی امداد ہو جاتی ہے اور اہل غرض کو دعا کرانے میں سہولت ہوتی ہے۔ آج صبح ان

ہیں۔۔۔۔کہئے کیا جواب ہے۔۔

آثار سحر کے پیدا ہیں اب رات کا جادو ٹوٹ چکا
ظلمت کے بھیانک ہاتھوں سے تنویر کا دامن چھوٹ چکا

حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ پر الزام لگانے والوں ذرا اپنے گھر کی خبر لو

مولوی عمر اچھروی صاحب آخر کس منہ سے ہم پر اس قسم کا الزام لگاتے ہیں حالانکہ ان کے اعلحضرت نے اپنے شاعری کے مجموعہ "حدائق بخشش حصہ سوم" میں حضرت ام المومنین کی جس طرح گستاخی کی ہے اس سے آج بھی ہر مسلمان کا دل خون کے آنسو رو رہا ہے یہی وجہ ہے کہ بریلویوں نے اپنے اعلحضرت کو بچانے کیلئے اس دیوان کو بالکل غائب کروا دیا ہے۔۔اشعار ملاحظہ ہوں:

تنگ و چست ان کا لباس اور وہ جوبن کا ابھار — مسکی جاتی ہے قبا سر سے کمر تک لے کر

یہ پھٹا پڑتا ہے جوبن مرے دل کی صورت — کہ ہوئے جاتے ہیں جامہ سے بروں سینہ و بر

یعنی ان (حضرت عائشہؓ) کا لباس ایسا تنگ اور چست ہے اور پھر اس پر متضاد سینے کا ابھار ایسا تھا کہ آپ کا پیراہن سر سے کمر تک پھٹا جا رہا تھا قریب ہے کہ ان کی جوانی کا ابھار مرے دل کی مانند پھٹتا جا رہا ہے اور سینہ اور جسم کے لباس کی تنگی کی وجہ سے کپڑوں سے باہر ہوتے جا رہے ہیں۔

العیاذ باللہ۔۔ثم العیاذ باللہ۔۔ثم العیاذ باللہ

نوٹ: بعض جاہل بریلوی یہ اعتراض بھی کرتے ہیں کہ حکیم الامتؒ نے کمسن عورت سے کیوں تعبیر دی۔۔تو اس کا جواب ہے کہ یہ اعتراض کرنا محض ضد اور میں نہ مانوں ہے۔۔اول تو ان کے اکابرین نے کہیں بھی کم سن لڑکی کی قید نہیں لگائی بلکہ مطلقا۔۔گستاخی کا کہا ہے۔۔اور اصل اعتراض نکاح میں آنے کا ہے خواہ وہ کمسن ہو یا بڑی۔۔لیکن اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ چونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کا نکاح کمسنی میں ہوا تھا اس لئے حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے تعبیر کم سن سے دی۔

مشہور ہونے کے باعث ازراہِ احتیاط مولوی اسماعیل صاحب کی تکفیر سے کفِ لسان فرمایا، اگرچہ وہ شہرت اس درجہ کی نہ تھی کہ کفِ لسان کا موجب ہو سکے، لیکن اعلیٰ حضرت نے احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا، ملاحظہ فرمایئے "الکوکبۃ الشہابیہ" مطبوعہ اہل سنت و جماعت بریلی صفحہ ۶۲، حیرت ہے، ایسے محتاط عالم دین پر تکفیر مسلمین کا الزام عائد کیا جاتا ہے۔ ع

بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

دراصل اس پروپیگنڈے کا پس منظر یہ ہے کہ جن لوگوں نے بارگاہِ نبوت میں صریح گستاخیاں کیں، انہوں نے اپنی سیاہ کاریوں پر نقاب ڈالنے کے لئے اعلیٰ حضرت اور ان کے ہم خیال علماء کو تکفیر مسلمین کا مجرم قرار دے کر بدنام کرنا شروع کر دیا، تاکہ عوام کی توجہ ہماری گستاخیوں سے ہٹ کر اعلیٰ حضرت کی تکفیر کی طرف مبذول ہو جائے، اور ہمارے مقاصد کی راہ میں کوئی چیز حائل نہ ہونے پائے، لیکن باخبر لوگ پہلے بھی خبردار تھے اور اب بھی وہ اس حقیقت سے بے خبر نہیں۔

ہمارا مسلک

مسئلہ تکفیر میں ہمارا مسلک ہمیشہ یہی رہا ہے کہ جو شخص بھی کلمۂ کفر بول کر اپنے قول یا فعل سے التزام کفر کرے گا تو ہم اس کی تکفیر میں تامل نہیں کریں گے، خواہ وہ دیوبندی ہو یا بریلوی، لیگی ہو یا کانگرسی، نیچری ہو یا ندوی، اس بارے میں اپنے پرائے کا امتیاز کرنا اہل حق کا شیوہ نہیں، اس کا یہ مطلب نہیں کہ ایک لیگی نے کلمہ کفر بولا تو ساری لیگ کافر ہوگئی، یا ایک ندوی نے التزام کفر کیا تو معاذ اللہ سارے ندوی مرتد ہو گئے، ہم تو بعض دیوبندیوں کی عبارات کفریہ کی بنا پر ہر ساکن دیوبند کو بھی کافر نہیں کہتے، چہ جائیکہ تمام لیگی اور سارے ندوی کافر ہوں، ہم اور

کوا کھانیوں دیوبندیوں کا انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں گستاخانہ عقیدہ

کوا کھانیوں دیوبندیوں اور انکے اکابر قاسم نانوتوی کیطرف سے

انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جھوٹ اور غیر معصومیت کا بہتان معاذ اللہ

قاسم نانوتوی کی تحریرات

پھر دروغ صریح بھی کئی طرح پر ہوتا ہے جنمیں سے ہر ایک کا حکم یکساں نہیں اور ہر قسم سے نبی کو معصوم ہونا ضروری نہیں

[تصفیۃ العقائد: صفحہ 22]

ہاں جس جگہ دفع فساد خود کذب پر ہی موقوف ہو جیسا کبھی اصلاح بین الناس میں ہوتا ہے تو پھر یہ تامل بیجا ہے بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت بایں معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہے، اور انبیاء علیہ السلام معاصی سے معصوم ہیں خالی غلطی سے نہیں

[تصفیۃ العقائد: صفحہ 24]

یہ باطل عقیدہ کوا کھانیوں دیوبندیوں کیلئے سراپا لمحہ فکریہ ہے ،،،، کوا کھانیوں کے اس باطل عقیدے کا پردہ چاک کرنے کیلئے ابو النعمان رضا صاحب کا بہت شکریہ

www.islamimehfil.com www.kalmaehaq.com www.nafseislam.net www.irshadulislam.com

دیوبندی بیمار امت کا حکیم اشرف علی تھانوی اپنی کتاب " بوادر النودر " کے صفحہ ۱۹۷ پر لکھتا ہے

" ایک واقعہ کی تحقیق کی غلطی ہے۔ جو علم و فضل یا ولایت بلکہ نبوت کے ساتھ بھی جمع ہو سکتی ہے "

۱۹۷ بوادر النوادر

سو اختلاف فی الواقع مسئلہ میں اختلاف نہ ہوا بلکہ ایک واقعہ کی تحقیق کی غلطی ہے جو علم و فضل یا ولایت
بلکہ نبوت کے ساتھ بھی جمع ہو سکتی ہے

اسماعیلی وہابی دیوبانڈیوں کے نزدیک نبی غلطی سے پاک نہیں یعنی معصوم نہیں
معاذاللہ عزوجل
اللہ عزوجل ہم کو ان وہابی اسمعیلی دیوبانڈیوں سے بچائے
آمین

www.islamimehfil.com www.irshad-ul-islam.com www.kalmaehaq.com

جواب سوال سوم مطلق غیب سے مراد اطلاقات شرعیہ میں وہی غیب ہے جس پر کوئی دلیل قائم نہو اور اسکے
ادراک کے لئے کوئی واسطہ اور سبیل نہو اسی بنا پر لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا
اللّٰهُ اور لو کنت اعلم الغیب وغیرہ فرمایا گیا ہے اور جو علم بواسطہ ہو اس پر غیب کا اطلاق محتاج قرینہ
ہے تو بلا قرینہ مطلق بولنا علم غیب کا اطلاق موہم شرک ہونیکی وجہ سے ممنوع و ناجائز ہوگا قرآن مجید میں لفظ
راعنا کی ممانعت اور حدیث مسلم میں عبدی وامتی وربی کہنے سے نہی۔ اسیوجہ سے وارد ہے اس لئے
حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم پر عالم الغیب کا اطلاق جائز نہ ہوگا اور اگر ایسی تاویل سے ان الفاظ کا اطلاق جائز
ہو تو خالق اور رازق وغیرہ بتاویل اسناد الی السبب کے بھی اطلاق کرنا جائز ہوگا کیونکہ آپ ایجاد اور بقائے
عالم کے سبب ہیں بلکہ خدا یعنے مالک و معبود بمعنی مطاع کہنا بھی درست ہوگا اور جسطرح آپ پر عالم الغیب کا
اطلاق اس تاویل خاص سے جائز ہوگا اسیطرح دوسری تاویل سے اس صفت کی نفی حق جل وعلا شانہ سے
بھی جائز ہوگی یعنی علم غیب بالمعنی الثانی بواسطہ اللہ تعالی کے لئے ثابت نہیں پس اگر اپنے ذہن میں معنی ثانی
کو حاضر کر کے کوئی کہتا پھرے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عالم الغیب ہیں اور حق تعالی شانہ عالم الغیب نہیں
(نعوذ باللہ منہ) تو کیا اس کلام کو منہ سے نکالنے کی کوئی عاقل متدین اجازت دینا گوارا کر سکتا ہے اس بنا پر
تو بانزا فقیروں کی تمام تر بیہودہ صدائیں بھی خلاف شرع نہ ہونگی تو شرع کیا ہوا بچوں کا کھیل ہوا کہ جب چاہا
بنالیا جب چاہا بگاڑ دیا۔ پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب
یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور ہی کی کیا
تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید و عمرو بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کیلئے بھی حاصل ہے کیونکہ
ہر شخص کو کسی نہ کسی ایسی بات کا علم ہوتا ہے جو دوسرے شخص سے مخفی ہے تو چاہئے کہ سب کو عالم الغیب کہا جاوے
پھر اگر زید اس کا التزام کرلے کہ ہاں میں سب کو عالم الغیب کہونگا تو پھر علم غیب کو منجملہ کمالات نبویہ شمار کیوں کیا
جاتا ہے جس امر میں مومن بلکہ انسان کی بھی خصوصیت نہو وہ کمالات نبوت سے کب ہو سکتا ہے اور التزام نہ کیا
جاوے تو نبی غیر نبی میں وجہ فرق بیان کرنا ضرور ہے اور اگر تمام علوم غیب مراد ہیں اسطرح کہ اسکی ایک فرد بھی
خارج نہ رہے تو اسکا بطلان دلیل نقلی و عقلی سے ثابت ہے دلائل نقلیہ بکثرت ہیں خود قرآن مجید میں آپ سے
نفی کرنا علم غیب کی آیت ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر میں اور نفی کرنا آپ سے علم تعیین قیامت
کی اور بہت سے علوم کی نفی صاف صاف مذکور ہے احادیث میں ہزاروں واقعات آپکے کتب رسائل ا

الله یحکم بینکم یوم القیٰمۃ
حفظ الایمان
مع
بسط البنان
مصنفۂ
حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی مد ظلہ العالی
جسکو
نیاز مند سید احمد مالک کتب خانہ اعزازیہ دیوبند ضلع سہارنپور نے
اپنی کتب خانہ اعزازیہ دیوبند سے شائع کیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ پر ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی توہین کا بے بنیاد اور جھوٹے الزام کا جواب

بعض لوگوں کی طرف سے حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ انھوں نے اپنے رسالہ میں ایک خواب جس میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا تشریف لائی تھیں کی تعبیر نیک صالحہ بیوی سے دی تھی اور یہ ام المومنین رضی اللہ تعالی عنہا کی کھلی توہین ہے کیا کوئی اپنی ماں کو دیکھ کر جوری کی تعبیر نکالتا ہے۔۔؟؟ مجاہد تحریف مولوی عمر اچھروی ان الفاظ میں لوگوں کو دہائیاں دیتے ہیں:

فرمائیے جناب جو ماں کی رویا کو کمسن بیوی سے تعبیر کرے اس پر آپ کا فتوی کیا ہے جس مذہب کے مقتدیان ان خیالات باطلہ کے ہوں کہ باپ کو بھائی کہیں بلکہ اس سے بھی ذلیل اور والدہ کو بیوی سے تعبیر کریں ان کے ایمان کا حال آپ خود سمجھ لیں۔ ﴿مقیاس حنفیت ص ۲۱۹﴾

جواب

حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ پر یہ اعتراض کرنا کہ اس تعبیر سے انھوں نے ام المومنین رضی اللہ تعالی عنہا کی توہین کی ہے العیاذ باللہ سراسر فن تعبیر سے جہالت اور تعصب اور ہٹ دھرمی ہے۔قارئین کرام یہ بات ہم اپنے مضمون ''حکیم الامتؒ پر مرید کو کلمہ پڑھانے کا الزام کا جواب'' میں تفصیل سے بیان کر چکے ہیں کہ خواب بعض اوقات بہت ہی وحشت ناک ہوتا ہے مگر اسکی تعبیر بہت ہی عمدہ ،اسی طرح خواب کبھی بہت عمدہ ہوتا ہے مگر تعبیر بہت ہی خراب جس کی متعدد مثالیں بھی دی گئی تھیں۔اسی لئے خواب کو یا اس کی تعبیر کو ظاہری حالت پر قیاس کرنا محض جہالت اور نادانی ہے۔حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے جو اس خواب کی تعبیر دی وہ بالکل ٹھیک اور فن تعبیر کے عین کے مطابق ہے۔چنانچہ شیخ عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب جو فن تعبیر کے موضوع پر ہے بنام ''تعطیر الانام فی تعبیر المنام'' میں لکھتے ہیں کہ:

و من رای رجل احدا من ازواج النبی ﷺ و کان اعزب ،تزوج امراۃ صالحۃ

﴿تعطیر الانام فی تعبیر المنام ،ص ۱۷ طبع بیروت﴾

اور جس کسی شخص نے خواب میں ازواج مطہرات میں سے کسی کو دیکھا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ایک صالحہ عورت سے شادی کرے گا۔

اللہ اکبر!!! بتائیے مولوی عمر اچھروی صاحب شیخ عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ پر کیا فتوی ہے جو صرف حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نہیں بلکہ تمام ازواج النبی ﷺ کے متعلق لکھتے ہیں کہ اگر کسی مرد نے ان کو خواب میں دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے ہاتھ ایک صالحہ عورت آئے گی۔لیکن ان پر کوئی فتوی لگانے سے پہلے یہ یاد رکھ لیں کہ یہ وہی شیخ عبد الغنی نابلسیؒ ہیں جن کو آپ کے اعلحضرت مولوی احمد رضا خان فتاوی رضویہ جلد ۲۶ میں ''امام عارف باللہ سیدی عبد الغنی نابلسیؒ'' لکھتے ہیں۔۔اور یہی لقب ان کو اپنی کتاب ''بریق المنار'' میں دیتے ہیں اور ان کی تعریف سے پھولے نہیں سماتے کہیں ان کو امام ممدوح اور کہیں شیخ الشیوخ لکھتے ہیں۔پس اگر معاذ اللہ حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ اس تعبیر سے کافر اور گستاخ ٹھرے تو شیخ عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ بھی گستاخ اور کافر ہیں معاذ اللہ اور اگر وہ کافر ہیں تو آپ کے اعلحضرت ڈبل کافر ہوئے جو ایسے شخص کو امام، عارف باللہ اور نہ جانے کیا کیا لقب دے رہے

تعطير الأنام في تعبير المنام

تأليف

الشيخ عبد الغني بن إسماعيل النابلسي

المتوفى سنة ١١٤٣ هـ.

دار الكتب العلمية

بيروت - لبنان

والأنصار وأبناء الأنصار وأبناء أبناء الأنصار، رؤيتهم في المنام تدل على التوبة والمغفرة. والمهاجرون تدل رؤيتهم على حسن اليقين والثقة بالله تعالى والخروج عن الدّنيا والزهد فيها والصدق في القول والعمل.

أبو بكر الصدّيق رضي الله عنه: تدل رؤيته على الخلافة والإمامة والتقدّم على الأقران والحظ الوافر عند ذوي الأقدار. وربما دلّت رؤيته على الإنفاق في سبيل الله تعالى بالمال والولد وعلم الحفظ والصداقة. وتدلّ رؤيته على الصدق في المقالة والشيخوخة والرأي السديد. وتدل على النّكد من جهة بعض أولاده البنين أو البنات، وعلى الخوف والاختفاء والنجاة من الشدائد، والغزو في سبيل الله، والحج والنصر على الأعداء، والعلم.

ومن رأى أبا بكر الصدّيق رضي الله عنه حيًا أكرم بالرأفة والشفقة على عباد الله، ومن رأى أنه جالس مع أبي بكر رضي الله عنه، فإنه يتبع الحق ويكون مقتدياً بالسنّة ناصحاً لأمة محمد ﷺ.

أزواج النبي ﷺ: رؤيتهن في المنام تدلّ على الأمهات، وتدلّ على الخير والبركة والأولاد وأكثرهم البنات. والمرأة إذا رأت عائشة رضي الله عنها في المنام، نالت منزلة عالية وشهرة صالحة، وحظوة عند الآباء والأزواج. وإن رأت حفصة رضي الله عنها دلّت رؤيتها على المنكر. وإن رأت خديجة رضي الله عنها، دلّت على السعادة والذرية الصالحة. ومن رأى من الرجال أحداً من أزواج النبي ﷺ وكان أعزب، تزوج امرأة صالحة. وكذلك إن رأت المرأة أحداً منهن دلّت رؤيتها على عمل صالح يكفيها.

إنسان: من رأى في المنام شخصاً واحداً من بني آدم مجهولاً لا يعرفه في اليقظة، ولا يشبهه. فربما كانت رؤيته تلك النسمة نفسه التي بها أراه الله تعالى. فإن رأى تلك النسمة تفعل خيراً ربما كان فاعله. وإن رآها في المنام تفعل شرًا كان هو مرتكبه. وإن رأى اثنين فإن كان خائفاً أمن، وإن رأى ثلاثة فإن ذلك دليل على الورع من ارتكاب المحارم ومن رأى رجلاً يعرفه دلّت رؤياه على أنه يأخذ منه أو من شبهه شيئاً. ومن رأى كأنه أخذ منه شيئاً يحبه نال منه ما يؤمله إن كان من أهل الولاية. فإن رأى كأنه أخذ منه قميصاً جديداً، فإنه يوليه. فإن أخذ منه حبلاً فإنه عهد. فإن رأى كأنه أخذ منه مالاً فإنه ييأس منه ويقع بينهما عداوة وبغضاء. والمعروف من كل آدمي، فإنه دال على نفسه أو جنسه أو شبهه أو بلده أو صناعته. فمن رأى إنساناً معروفاً انتقل ذلك الإنسان إلى رتبة عالية، أو كان ذا رتبة عالية انحط قدره، أو نزلت به آفة. فإن ذلك يدلّ على نزول الخير أو الشر به كما رأى. ويكون ذلك مثلاً بمثل أو يكون النقص فيه زيادة في عدوّه، أو الزيادة في الرائي نقصاً في عدوه. فإن لم يكن ذلك وإلا كان عائداً على من هو من جنسه أو شبهه أو هو في بلده.

أنف: الأنف في المنام، دالّ على ما يتجمل به الإنسان من مال أو والد وولد أو أخ أو زوج

تھانوی کی کفری عبارت

دیوبندیوں کے حکیم الامت اشرف علی تھانوی نے اپنے ایک کتابچے ''حفظ الایمان'' پر لکھا ہے،

''پھر یہ کہ آپکی ذاتِ مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا، اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی ہی تخصیص کیا ہے، ایسا علم غیب تو زید و عمرو بکر بلکہ ہر صبی (بچے)، مجنون (پاگل)، بلکہ جمیع (سارے) حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے۔''

اس عبارت کا صاف صاف صریح، وہ بھی صریح متعین مطلب یہ ہے کہ تھانوی نے حضور (ﷺ) کے علم پاک کو ہر کس و ناکس، زید و عمرو بکر بلکہ بچوں، پاگلوں، بلکہ جانوروں، چوپایوں کے علم سے تشبیہ دی۔ یا حضور اقدس (ﷺ) کے علم پاک کو ان کے مساوی بتایا۔ تھانوی صاحب کے نیاز مند خود آپس میں الجھے ہوئے ہیں کہ اس عبارت میں ''ایسا'' تشبیہ کے لئے ہے یا اتنا اور اس قدر کے معنی میں ہے۔)

اب اگر لفظ ''ایسا'' کو تشبیہ کے لئے مانیں تو انہوں نے حضور اقدس (ﷺ) کے علم ارفع اعلی کو ان خسیس چیزوں کے کہتر و ادنی علم سے تشبیہ دی۔ اس میں یقیناً حتماً حضور اقدس (ﷺ) کی حتماً توہین ہے۔

اور اگر لفظ ایسا۔ کو اتنا کے معنی میں مانیں تو لازم کہ حضور اقدس (ﷺ) کے علم وافر و کثیر کو جس کی مقدار کوئی ملک مقرب اور نبی مرسل بھی نہیں جان سکا۔ ان رذیل چیزوں کے برابر کر دیا۔ یہ بھی بدترین توہین ہے۔

اور اس پر فریقین کا اتفاق کہ دونوں باتوں میں حضور اقدس (ﷺ) کی انتہائی توہین وہ بھی سید الانبیاء (ﷺ) کی توہین باجماع امت کفر ہے اور توہین کرنے والا کافر۔

اس لئے بلا کسی ادنیٰ شک و شبہہ اور بغیر ذرہ برابر تردد کے واضح ہو گیا کہ تھانوی نے حضور (ﷺ) کے علم پاک کو بچوں پاگلوں، جانوروں، چوپایوں کے علم سے تشبیہ دی یا ان کے برابر بتایا۔

ایسی صورت مین دوسرے غیر متعلق لوگ بھی حفظ الایمان کی اس عبارت میں حضور اقدس (ﷺ) کی توہین بتا رہے ہیں۔ پھر بھی تھانوی کے نیازمند اور تمام دیوبندی مذہب کے پرستار اس کی بے جا، بے تکی تاویلین کر رہے ہین۔ جو حقیقت میں تاویل نہیں اس عبارت کی تبدیل و تحریف ہے۔

حفظ الایمان کی اس عبارت کے سلسلے میں جو حضرات بھی کسی قسم کے تذبذب کے شکار ہوں ان کے لئے لمحہ فکریہ ہے کہ ان مولانا حضرت سید پیر محمد صاحب بغدادی کو تھانوی سے کیا حسد تھا۔ کیا عداوت تھی۔؟ کہ انہوں نے اس عبارت کے خلاف فتویٰ دیا وہ بھی تھانوی کے محب خاص کے گھر میں بیٹھ کر۔ اور تھانوی کے رو در رو اس کا رد فرمایا اور صاف صاف فرمایا کہ اس عبارت سے کفر کی بو آتی ہے۔ اصل بات وہی ہے کہ یہ عبارت چینی، جاپانی، لاطینی زبان میں نہیں کہ اسے کوئی نہ سمجھے۔ ہر اردو داں جو معمولی سمجھ بوجھ رکھتا ہے وہ اسے بڑھ کر اول وہلہ میں کہدے گا، اس میں بلا شک و تردد کے حضور اقدس (ﷺ) کی کھلی توہین ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیو بندی حکیم مولوی اشرف علی تھانوی جس لغوی تعبیر سے حضور ﷺ کے علم غیب کی نفی کرتے ہیں آپنی کتاب حفظ الایمان میں وہ صراحتاً نفی ہے اس آیت مبارک کی کہ جس میں اللہ سبحان وتعالیٰ آپ ﷺ کو تمام لغویات سے بعید و عین الہامی علم جو وحی کی صورت میں عطاء کی گئی ہے۔اس پہلے کہ ہم علم غیب پر بحث کا آغاز کرے ہم یہ دیکھیں گے نبوت کیا شئے ہے اور نبی کا علم میں کیسے کہتے ہیں۔

عربی لغت میں نبوہ اُس خبر کو کہتے ہیں جو مستقبل سے منسلک ہو،اب یہ تو ظاہری بات ہے کہ ہر نبی آنے والے وقت کا تدارک رکھتا ہے کیونکہ اُسے الہامی طور پے یہ سب کچھ بتلا دیا جاتا ہے کہ کیا ہونے والا ہے۔لیکن نبوت ایک خاص مقام ہے من جناب اللہ کے جب وہ آپنے کیسی خاص بندے کو اس متقصد کے لیئے چُن تھا تو اُسے عوام ناس سے ہر امور میں فضیات بخش دیتا ہے،اور یہ فضیات خاص طور پے اُسے علوم میں عطاء کرتا ہے،کیونکہ انبیاء اصلاح کاری کے لیئے عوام میں آتے ہیں اس لیئے اُنکی افضیلیت علوم میں عوام ناس سے کہیں زیادہ اعلیٰ و اشمل ہوتی کیسی بھی نبی کے مد مقابل اعلیٰ سے اعلیٰ عالم بھی نہیں آسکتا کیوں کہ نبی کا علم خاص منجاب اللہ ہے جبکہ عوام کا علم آپنی کاوشوں اور تجربات پر معین ہے جس میں وقتاً فوقتاً اصلاحات و انسفات ہوتی رہتی ہیں،یعنی بحر علوم بھی انسان کا اتنا ہی ناقص ہے جتنا کے انسان خود،اور اسکے مقابل نبی کا علم کامل استدراک کا حامل ہے جیسے کے نبوت خود ہر خلائق میں کامل ایک شخصیت ہوتی اسی طرح اُسکا علم بھی ہر مخلوق کے دائرے احاطہ کے اوپر ہوتا ہے، نبی کے علم کے دو حصے ہیں ایک علم غیب جو کامل الہامی ہے دوم علم ادراک الحسی یعنی عقل ،قلب ،نظر ،وسمع سے حاصل ،یہ علم ادراک الحسی بھی تمام عوام کے علوم سے بالا ہے کیونکہ کہ انبیاء کہ احساسات جو انکو آپنے قلب ،عقل ،نظر و سمع سے حاصل ہے وہ عوام کے احساسات سے زیادہ قوی ہے،الغرض کوئی بھی نبی کسی بھی طرح کسی بھی مخلوق سے متماثل نہیں ہوتا یعنی اُنکے برابر نہیں ہوتا بلکہ آپنے تمام تر خصوصیات کے بدولت ان پر اعلیٰ ہوتا ہے،اب ہم یہ دیکھئے گئیں کہ تھانوی آپنی کتاب حفظ الایمان میں کس طرح ان تمام باتوں کا منکر ٹھرتا ہے،جو اوپر بیان کی گئی محض ایک عبارت کے بیان سے۔پھر آپکی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا،آگر بقول زید صحیح ہو تو درفیات طلب امر یہ ہے کہ اس علم غیب سے مراد بعض علم غیب ہے،یا کل علم غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں **تو اس میں حضور کی ہی تخصیص کیا ہے**،ایسا علم غیب تو زید عمرو بکر بلکہ ہر صبی ،مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لیئے بھی حاصل ہے۔اب اگر پورے مدعے کو ایک طرف کردیں کہ اس میں لفظ ایسا یا ویسا یا اتنا یا جتنا جو بھی کچھ لینا چاتے ہیں لیں لیکن یہ خاص جملہ کافی ہے کفری احاطہ کے لیئے ،صبی ،مجنون ،حیوانات و بہائم ،کا علم لغویات میں کے دائرے میں سوائے اُسکے کہ اللہ اُن میں کیسی خاص متقصد کے لیئے کسی واحد یا اثنین کو ایسا علم عطاء کردے جو عوام کے لیئے کارگر ثابت ہو،اب زید ،عمر ،بکر ،ملکر بھی نبی کے علم استدراک الحسی کے ہم پلہ نہیں ہوسکتے ہتو انکے جیسا علم غیب چہ معنی دارد اب یہ دیکھئے کہ آیت کی نفی میں اشرف علی تھانوی کس طرح آتے ہیں و ما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ۔سورۃ النجم،یہ صاف نص ہے کہ آپ ﷺ ھوی =لغو نہیں کہتے تھے بلکہ عین وحی ہوتی جب آپ ﷺ کلام کرتے،تخصیص کی نفی کرکے تھانوی نے عین اس آیت کی نفی کردی،تھانوی پر دو کفر آگئے ایک توہین کا ارتکاب کرکے دوم نص قرآنی کا انکار کے۔و آخر دعوانا الحمدللہ رب العالمین .آخر میں آپ سے گزارش ہے کہ آپ ثبوت دیں آپنی بات کا۔

دیوبند کے مہتمم کی قائداعظم کے بارے میں ہرزہ سرائی برداشت نہیں کرینگے: جاوید اقبال

قائداعظم کو مسلمان نہ سمجھنے والے علمائے دیوبند تحریک پاکستان کے وقت کانگرسی تھے اور مسلمانوں کو ہندو کی غلامی میں رکھنا چاہتے تھے

قائداعظم کی رہبری اور جدوجہد کی بدولت ہمیں ایک آزاد خطہ زمین ملا، انکے بعد ہمیں ایسی لیڈرشپ نہ ملی جو آگے لے کر چلتی

حسین احمد مدنی کے بارے میں علامہ اقبال کی نظم عوام کی امانت ہے: ایوان کارکنان تحریک پاکستان میں تحریک پاکستان کے کارکنوں کو تمغے دینے کی تقریب سے خطاب

قربانیاں دینے والے بزرگوں کو بھولنے والی قومیں راستے سے بھٹک جاتی ہیں، قائداعظم نے نوجوانوں کو کردار تعمیر کرنے کی تاکید کی: پیر امین الحسنات شاہ، شریف [illegible]

لاہور (خبر نگار خصوصی + نیوز رپورٹر) چیئرمین نظریہ پاکستان ٹرسٹ ڈاکٹر جاوید اقبال نے پاکستان کو اللہ کا انعام اور سر سید احمد خان، جمال الدین افغانی، علامہ اقبال اور قائداعظم کی جدوجہد اور رہبری کا ثمر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان پر کفر کے فتوے لگانے والے یہ مت بھولیں کہ یہ "کافر مسلمان" پاکستان بنانے میں

صفحہ 8 پر بقیہ نمبر 11

قائداعظم کی ذات پر ہرزہ سرائی پاکستانیوں کے جذبات سے کھیلنے کے مترادف ہے: شجاعت

ان کی عظیم قیادت میں پاکستان معرض وجود میں آیا، ہر پاکستانی کو ان کی قیادت پر فخر ہے

صدر کو تجویز پیش کی ہے کہ تمام فارموں میں فرقے کا خانہ ختم کر دیا جائے: سربراہ مسلم لیگ ق

لاہور (خبر نگار خصوصی) مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین نے قائداعظم کو برصغیر کے مسلمانوں کا سب سے بڑا لیڈر قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی عظیم قیادت میں مسلمانوں کی عظیم تر

صفحہ 8 پر بقیہ نمبر 6

جاوید اقبال صاحب شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے بیٹے ہیں

روزنامہ نوائے وقت

قدم بوسی کی شرعی حیثیت

محمد سلیم برکاتی مصباحی، بریلوی

علمائے کرام، اساتذہ عظام والدین کریمین اور بزرگانِ دین کی قدم بوسی بلاشبہ جائز بلکہ سنت اور بکثرت احادیث سے ثابت ہے لیکن بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ محض رسمی چیز ہے۔ فقہ وحدیث سے اس کا کوئی ثبوت نہیں۔

بکثرت احادیث کریمہ اس بات پر شاہد ہیں کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قدم بوسی فرمائی اور حضور نے انہیں منع نہ فرمایا جیسا کہ "حدیث وفدِ عبدالقیس" میں اس کی صراحت ہے جسے امام بخاری (۱۹۴ھ۔۲۵۶ھ) نے اپنی کتاب "الادب المفرد" میں امام ابوداؤد نے اپنی "سنن" میں، امام بیہقی نے "سنن کبریٰ" میں اور صاحب مشکوٰۃ نے "مشکوۃ المصابیح" میں صحابیِ رسول "حضرت زارع بن عامر" رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

فجعلنا نتبادر فنقبل يدرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و "رجله" لے

(جیسے ہی ہماری نگاہیں جمالِ جہاں آرا پر پڑیں) تو ہم لوگ خدمتِ اقدس میں پہونچنے کے لیے جلدی کرنے لگے پھر ہم نے وہاں پہونچ کر حضور کے دستِ مبارک اور "قدمِ مبارک" کو بوسہ دیا۔

اساتذہ، علما اور بزرگانِ دین کی قدم بوسی کو "حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ بھی جائز کہتے اور یہی ان کا معمول بھی تھا چنانچہ اسی حدیثِ وفد عبدالقیس کی شرح کرتے ہوئے آپ اپنی کتاب "اشعۃ اللمعات" میں فرماتے ہیں:

"ازیں جا تجویز پائے بوسی معلوم شد"۔ یعنی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ "قدم بوسی" جائز ہے۔

وفدِ عبدالقیس ہی کی طرح ایک "صحابیہ" نے سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک اور "قدم مبارک" کو بوسہ دیا اس وقت حضرت عمر فاروق اعظم بھی وہاں تشریف فرما تھے۔ لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان صحابیہ کو اپنی "قدم بوسی" سے منع نہ فرمایا جو اس فعل کے جائز ہونے کی صریح دلیل ہے جیسا کہ امام بیہقی "نے اپنی کتاب "دلائل النبوۃ" میں حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس حدیث کو روایت کیا:

أن إمرأة شكت زوجها النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال : أتبغضيه ؟ فقالت: نعم! فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : أدنيا رؤوسكما فوضع جبهتها على جبهته ثم قال ! اللهم الف بينهما و حبب أحدهما إلى صاحبه ثم لقيته المرأة بعد ذلك " فقبلت رجلية" الحديث۔ ۳؎

کہ ایک عورت نے نبی اکرم اللہ تعا علیہ و سے اپنے شوہر کے خلاف وکیا، آپ نے فرمایا: کیا تو اس سے ر ہے؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ آپ نے فرمایا: تم دونوں اپنے سر میرے قریب کرو، پھر آپ نے عورت کی پیشانی اس کے شوہر کی پیشانی پر رکھی اور فرمایا: اے اللہ! ان دونوں میں الفت پیدا کردے اور انہیں ایک دوسرے کا محبوب بنادے پھر اس کے بعد اس عورت کی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی تو اس نے آپ کے ''قدمانِ مبارک'' کو بوسہ دیا۔

قدم بوسی کی اجازت اور سجدہ کی ممانعت

یوں ہی ایک مرتبہ ایک صحابی نے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آکر آپ سے آپ کے سر اقدس اور آپ کے پائے مبارک کو بوسہ دینے کی اجازت طلب کی تو حضور نے انہیں اس کی تو اجازت عطا فرمادی لیکن جب انہوں آپ کو سجدۂ تعظیمی کرنے کی خواہش ظاہر کی تو آپ نے انہیں سختی سے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا: ''اگر میں کسی کو کسی کے آگے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے'' لہذا یہ حدیث سجدۂ تعظیمی کی حرمت اور قدم بوسی کے جواز پر صریح دلیل ہے اس حدیث کو ابو نعیم نے ''دلائل'' بزار نے ''مسند'' اور فقیہ ابو اللیث سمر قندی نے ''تنبیہ الغافلین'' میں ''حضرت بریدہ بن الحصیب'' رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا اور حاکم نے اپنی ''مستدرک'' میں حدیث کو یوں روایت کیا:

ان رجلاً أتى النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: یا رسول اللہ! علمنی شیئاً ازداد بہ یقیناً فقال: إذھب إلی تلک الشجرۃ فادعوھا فذھب إلیھا فقال: إن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یدعوک فجاء ت حتی سلمت علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثم قال لھا: إرجعی فرجعت. قال ثم أذن لہ فقبل رأسہ و رجلیہ. (الحدیث)[۴]

